مصنف:۔ مولانا محمد اسحٰق بھٹی رحمۃ اللہ علیہ

صفحات:۔ 320 ...... ملنے کا پتہ مکتبہ اسلامیہ لاہور، فیصل آباد

ناشر:۔ محمد اسحٰق بھٹی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ لاہور

اللہ تعالیٰ اپنے بعض بندوں کو یہ توفیق مرحمت فرماتے ہیں کہ وہ کئی کئی صدیوں اور قوموں کے قرض اتار دیتے ہیں۔ انہی میں ہمارے ممدوح مورخ اہل حدیث مولانا محمد اسحٰق بھٹی رحمۃ اللہ علیہ بھی ہیں جنہوں نے برصغیر کے اہل حدیث اکابر علماء، محدثین، مبلغین، سیاسی زعماء اور مخلص کارکنوں کے تذکار ایک خاص اسلوب میں پیش کر کے اپنوں اور بیگانوں کو یہ تسلیم کرنے پر مجبور کر دیا کہ برصغیر میں اہل حدیث کی دینی، تعلیمی و تدریسی اور سیاسی خدمات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا اس کے لیے انہوں نے اپنی ڈھیر ساری کتابوں میں خالص اہل حدیث زعماء کا تذکرہ کر کے پوری جماعت اہل حدیث کے شکریہ اور دعاؤں کے مستحق ٹھہرے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے اپنے بعض شخصی مجموعوں میں غیر اہل حدیث افراد کا تذکرہ کر کے اہل حدیث کی وسعت ظرفی پر بھی مہر تصدیق ثبت کر دی کہ ایسے لوگ اور جماعتیں جن کے قلم کار اپنے مضامین میں بوقت ضرورت بھی اہل حدیث علماء کا تذکرہ نہیں کرتے۔ اور اگر کوئی مجبوری ہو تو پھر نامناسب انداز میں ذکر کرتے ہیں۔ لیکن یہ شرف اللہ تعالیٰ نے اہل حدیث کو بخشا ہے کہ وہ ہر کسی کی خدمات کو کھلے دل سے قبول کرتا ہے۔ انہی مجموعوں میں سے ایک مجموعہ ''محفل دانش منداں'' اس وقت زیر تبصرہ ہے۔ جو بھٹی صاحب کی زندگی میں ہی تیار ہو گیا تھا۔ لیکن ان کی وفات کے بعد ان کے بھائی جناب محترم سعید احمد بھٹی (جو اب خود بھی مرحوم ہو چکے ہیں) نے بڑی محبت سے محبان محمد اسحٰقؒ کی خدمت میں پیش کیا تھا۔ اور اس کے ساتھ ان کے بیٹوں محمد لقمان سعید اور حافظ محمد حسان سعید نے بھی دن رات کی محنت لگا دی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ کریم بھٹی برادران کی بخشش فرمائے اور جو زندہ ہیں اللہ تعالیٰ ان کی زندگیوں میں برکت فرمائے۔ کتاب میں 23 شخصیات کا تذکرہ ہے جن میں کچھ علماء ہیں کچھ سیاسی لوگ، اور بعض انتظامی افراد بھی شامل ہیں۔ بہر حال یہ کتاب بھٹی صاحب کی حسنات